توجہ دلاؤ نوٹس

میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں محکمہ پولیس کے ٹیلی کمیونیکیشن نے ریگولر پولیس سے مستقل بنیادوں پر سپاہی کے پوسٹ پر مختلف اضلاع سے لوگ ایڈجسٹ کیے اور ان کو پروموشن کے لیے سب سے نیچے رکھا جس کی وجہ سے ضلع سے ان کی سینیارٹی ختم ہو کر ٹیلی کمیونیکیشن میں سب سے اخر میں سینیارٹی شروع ہوئی اب 20، 25 سال نوکری کرنے کے بعد ان لوگوں کو دوبارہ سینیارٹی کے لیے اپنے اپنے اضلاع میں ریگولر پولیس میں بھیجا جا رہا ہے جہاں پر ان کی سینیارٹی سب سے اخر میں شروع ہو گی اور اب اوور ایج ہونے کی وجہ سے ان کی پروموشن بھی نہیں ہو گی حالانکہ ان کے ساتھ بھرتی ہوئے دوسرے لوگ اب (سب انسپکٹر) تک پر موٹ ہو چکے ہیں۔

CALL ATTENTION NOTICE

Session No. 5th

Notice No. 59

Received Time: 6:00 Pm

Received Date: 18/07/2024

From Mr./Ms. تاج محمد خان ترند MPA

Receiver Sign:

Allowed and be taken for Friday

18/7/24

تاج محمد خان ترند (ایم پی اے)